مطالعہ پاکستان (لازمی)	جماعت دہم	پرچہ II: (معروضی طرز)
وقت: 15 منٹ	ماڈل پیپر 3	کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- آئین 1973ء میں جس ترمیم سے اراکینِ اسمبلی کے فلور کراسنگ (Floor Crossing) پر پابندی لگائی گئی، وہ ہے:

(a) آٹھویں ترمیم (b) تیرھویں ترمیم

(c) چودھویں ترمیم ✓ (d) اٹھارھویں ترمیم

-2 ''جنیوا'' کس ملک کا شہر ہے؟

(a) افغانستان کا (b) روس کا

(c) امریکہ کا (d) سوئٹزرلینڈ کا ✓

-3 اسلامی دنیا کی پہلی خاتون وزیرِ اعظم تھیں:

(a) محترمہ بیگم لیاقت علی خان (b) محترمہ بینظیر بھٹو ✓

(c) محترمہ بیگم جہاں آرا شاہنواز (d) محترمہ فاطمہ جناح

-4 پاکستان کو سب سے پہلے تسلیم کیا:

(a) ایران نے ✓ (b) چین نے

(c) افغانستان نے (d) امریکہ نے

-5 پاکستان شمال میں کس ملک سے جُڑا ہوا ہے؟

(a) ایران سے (b) چین سے ✓

(c) افغانستان سے (d) بھارت سے

-6 آب پاشی کے کفایتی اور جدید طریقے ہیں:

(a) روایتی کھالوں سے آب پاشی (b) پختہ کھالوں سے آب پاشی

(c) فصلوں کی پٹڑی پر کاشت (d) سپرنکلر اور ڈرپ سے آب پاشی ✓

-7 پاکستان میں گندم کی سالانہ پیداوار ہے:

(a) قریباً 35 ملین ٹن (b) قریباً 20 ملین ٹن

(c) قریباً 25 ملین ٹن ✓ (d) قریباً 30 ملین ٹن

-8 2019ء میں پاکستان میں پاکستانی سیاحوں کی تعداد تھی:

(a) قریباً 40 ملین (b) قریباً 50 ملین ✓

(c) قریباً 60 ملین (d) قریباً 70 ملین

-9 بشری شماریات کا آغاز کیا:

(a) جابر بن حیان نے (b) ابنِ خلدون نے ✓

(c) ارسطو نے (d) بُو علی سینا نے

-10 پاکستان کے ہسپتالوں میں کتنے افراد کے لیے ایک بستر کی سہولت ہے؟

(a) 1,606 افراد کے لیے (b) 1,608 افراد کے لیے ✓

(c) 1,607 افراد کے لیے (d) 1,605 افراد کے لیے